**PRESS RELEASE**
For immediate release
June 9, 2023

# مئی میں 2,539 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد (9 جون) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے فروری میں 2,539 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جس کے بعد کل رجسٹر کمپنیوں کی تعداد 194,446 (ایک لاکھ چورانوے ہزار چار سو چھیاسٹھ) ہو گئی ہے۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا کل اداشدہ سرمایہ 2.7 ارب روپے ہے۔

مئی میں تشکیل پانے والی کمپنیوں میں افغانستان، آسٹریلیا، چین، انڈونیشیا، آئرلینڈ، اٹلی، ہالینڈ، نائجیریا، ناروے، رومانیہ، روس، سنگاپور، اسپین، تھائی لینڈ، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور امریکہ سے تعلق رکھنے والے ڈائریکٹروں نے سرمایہ کاری کی۔ اس سرمایہ کاری کا بڑا حصہ چین، برطانیہ، امریکہ، ترکی، افغانستان، انڈونیشیا، روس، متحدہ عرب امارات، اور تھائی لینڈ سے موصول ہوا۔

اس ماہ 99.9 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں۔ تقریباً 57 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں، جبکہ 40 فیصد سنگل ممبر کمپنیوں کے طور پر اور 3 فیصد کمپنیاں لمیٹڈ لائیبیلیٹی پارٹنرشپ، نان پرافٹ تنظیموں، اور نان لسٹڈ پبلک کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ رجسٹریشنز انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں ہوئیں جہاں 407 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے بعد ٹریڈنگ میں 339 کمپنیاں، رئیل اسٹیٹ اور تعمیراتی شعبے میں 331، سیاحت میں 102، تعلیم میں 81، ای کامرس سیکٹر میں 66 کمپنیاں، اور دیگر شعبوں میں 814 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

ایس ای سی پی کا ای سروسز سسٹم ایف بی آر، صوبائی ریونیو کے محکموں کے ساتھ انٹی گریٹیڈ ہے، جس کے نتیجے میں دسمبر میں بیک وقت ایس ای سی پی پورٹل انٹرفیس کے ذریعے 2,439 کمپنیاں ہمہ وقت ایف بی آر کے ساتھ، 63 کمپنیاں ای او بی آئی کے ساتھ، 46 کمپنیاں PESSI/SESSI کے ساتھ اور 57 کمپنیاں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ساتھ رجسٹر ہوئیں۔

ایس ای سی پی کمپنیز کے نام کی رجسٹریشن اور دستیابی، اور کارپوریشن کے عمل سے متعلق دیگر سوالات کے فوری حل کے لیے ایک وقف واٹس ایپ سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔ فروری کے مہینے میں اس سروس کے ذریعے تقریباً 1,290 سوالات کے جوابات بھی دیے گئے۔